## دفتر برائے تعلقات عامہ ومیڈیا کوآرڈی نیشن

## جامعہ ملیہ اسلامیہ

## نئی دہلی

## 14/02/2019

## پریس ریلیز

# جامعہ ملیہ میں طلبہ کا احتجاج ختم، سارے مسائل راضی برضا ہوئے حل

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں فیکلٹی آف فائن آرٹ کے طلبہ کی جانب سے جاری احتجاج آج پروفیسر شاہد اشرف شیخ الجامعہ (قائم مقام) اور دیگر اعلیٰ ذمہ داران سے بات چیت کے بعد اپنے اختتام کو پہنچا۔ تمام ہی مسائل راضی برضا حل کر لئے گئے۔

میٹنگ میں طلبہ نے اپنا پرانا مطالبہ جس میں فیکلٹی کے سربراہ کو سبکدوش کرنے کی مانگ کی تھی دہرایا۔ انھیں بتایا گیا کہ سارے امور زیر غور ہیں، تحقیق کے لئے کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے جب تک کچھ فیصلہ نہیں ہوجاتا کسی کے خلاف کوئی کاروائی نہیں کی جاسکتی۔

آئی سی سی اور فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی اپنے کام میں مصروف ہے جب کہ اپلائڈ آرٹ کے سربراہ کو چھٹی پر بھیج دیا گیا ہے اور فیکلٹی سے ان کا کوئی لینا دینا نہیں ہے۔

انتظامیہ نے فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی میں یونیورسٹی سے باہر کے افراد کو شامل کرنے پر رضامندی ظاہر کردی ہے۔ چیف پراکٹر کی جانب سے احتجاج میں شامل کسی بھی طالب علم کے خلاف کاروائی نہ کرنے کی اس شرط پر یقین دہانی کرائی گئی ہے کہ وہ اپنی اپنی جماعتوں میں شریک ہوں گے اور یونیورسٹی کے تعلیمی ماحول کو کسی بھی طرح سے پراگندہ نہیں کریں گے۔ طلبہ کو یہ بھی یقین دہانی کرایا گیا ہے کہ احتجاج کے دوران ان کی کلاسوں کا جو حرج ہوا ہے اس کا کوئی حل نکالا جائے گا۔

قائم مقام وائس چانسلر پروفیسر شاہد اشرف نے طلبہ سے یہ بھی کہا کہ مستقبل میں کچھ بھی ہو تو وہ ڈی ایس ڈبلیو اور چیف پراکٹر سے اصولوں کے مطابق مسئلے کو حل کرنے کی کوشش کریں۔

احمد عظیم

عوامی تعلقات افسر اور میڈیا کوآرڈینیٹر

جامعہ ملیہ اسلامیہ

نئی دہلی